Your Service Delivery Plan
آپ کو خدمات کی فراہمی کا پلان

آجر

Sarina Russo Job Access (SRJA) سنہ 1979 سے آجروں کی ملازمین بھرتی کرنے کی ضروریات پوری کر رہی ہے۔ SRJA اپنی نیشنل اور ریجنل ایمپلائر سروس ٹیموں کے ذریعے، آپ کے ساتھ، آپ کی ضروریات کی شناخت کرے گی اور انہیں سمجھے گی، آپ کی خالی اسامیوں پر جلد درست افراد کو رکھوائے گی اور ملازمت ملنے کے بعد خصوصی ذاتی مدد کے ذریعے عملے کو پائیدار بنائے گی۔

جائزہ لینا، حاصل کرنا اور برقرار رکھنا – **SRJA** آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے اس طرح آپ کی عملے کی ضروریات شناخت کرے گی اور انہیں پورا کرے گی:

- آپ کے بزنس اور مقامی لیبر مارکیٹ کو سمجھ کر اورآپ کی ضروریات کا تجزیہ کر کے تیزی سے اور موزوں ترین امیدواروں کو ہدف بناتے ہوئے خالی اسامی پر کرنا
- جامع مینیجمنٹ فراہم کرنا جس کیلئے SRJA کے کسٹمر ریلیشن شپ مینیجمنٹ (CRM) سسٹم میں آپ کا تفصیلی بزنس پروفائل استعمال کیا جاتا ہے
- آپ کے بزنس کے پھلنے پھولنے میں مدد کیلئے جو ترغیبات اور مواقع دستیاب ہوں، انہیں سامنے لانا جیسے اجرت کیلئے سبسڈی اور ہدف کے تحت تربیت
- آپ کے تبصرے حاصل کرنا اور سروے اور دورہ جات کے ذریعے آپ کے اطمینان کو جانچنا
- مخصوص سیکٹروں کی فہم رکھنے والے شعبہ جاتی ماہرین کے ذریعے یہ یقینی بنانا کہ ہم آپ کے یہاں ملازمتوں کیلئے ان امیدواروں کو بھیجیں جو آپ کی ضروریات پوری کرتے ہیں

ملازم رکھوانا – **SRJA** آپ کے بزنس کی ضروریات کیلئے اس طرح درست امیدوار تلاش کرتی ہے

- قبل از ملازمت تربیت اور تحریک دلانے والی تربیت، لائسنس اپ گریڈز اور کام کی آزمائش کے پروگرام ترتیب دینے کے ذریعے امیدواروں کو تیار کیا جاتا ہے۔ اس طرح ہمارے پاس پہلے سے اہلیت یافتہ اور سکریننگ سے گزرے ہوئے امیدواروں کی ایک تعداد جمع رہتی ہے جو آپ کی ضروریات جلد پوری کرنے کیلئے تیار ہوتے ہیں
- خالی اسامیوں کو تیزی سے پر کرنا، ہم آپ کو SRJA کی ملازمت کیلئے تیار امیدواروں کی جامع ڈاٹابیس تک رسائی دیتے ہیں جس سے یہ یقینی ہوتا ہے کہ ہم پہلی دفعہ ہی ملازمت کیلئے درست شخص تلاش کر لیں
- ہم آپ کیلئے یہ چننا ممکن بناتے ہیں کہ خالی اسامیاں کس طرح درج کرائی جائیں، ہماری ایپ کے ذریعے، آن لائن، فون پر یا آمنے سامنے ملاقات کے ذریعے

ملازمت ملنے کے بعد خصوصی ذاتی مدد – ہم ایسی خدمات کے ذریعے آپ کے بزنس کی مسلسل ضروریات پوری کرنے میں مدد کرتے ہیں جیسے:

- ملازمت ملنے کے بعد 26 ہفتوں تک کیلئے خصوصی ذاتی مدد فراہم کرنا جس میں کسی بھی متفقہ مدد کا طریقہ اور کثرت واضح کرنے کا پلان بھی شامل ہے۔ ہم آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے یہ یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے بھیجے ہوئے امیدوار ایسی امدادی تدابیر کے ذریعے تادیر کام کرتے رہیں جیسے امیدوار کے کام پر پہلے دن ہمارا آپ سے رابطہ کرنا، آپ کو یا

امیدوار کو مدد درکار ہونے کی صورت میں جلد مدد کرنا اور امیدوار کو عملی مسائل جیسے کام تک آنے جانے کے سلسلے میں مدد دینا

- مہارتوں میں خلا کی صورت میں تربیت مہیا کرنا جو یا تو آپ کے یہاں کام پر یا SRJA کے ورچوئل کلاس روم آن لائن ٹول کے ذریعے مہیا کی جاتی ہے۔ وقت کے درست استعمال، جائے کار پر طرز عمل، اور اگر جائے کار پر زیادہ پیچیدہ ضروریات پیش آئیں تو، الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز (مخصوص شعبوں کے ماہرین صحت) کی امدادی خدمات تک رسائی مہیا کرنے جیسے معاملات میں مدد کرنا۔

SRJA آجروں کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے اور ایسے اقدامات کے ذریعے آپ کے بزنس کو تحفظ اور فروغ دیتی ہے جیسے:

- شعبے کے اعلی ترین اداروں کے ساتھ ملاقاتوں کے ذریعے مستقبل میں روزگار اور شعبے کے حوالے سے ضروریات کے بارے میں اپنی فہم بڑھانا اور آپ کو روزگار کے رجحانات اور ہنرمند افراد کی کمی سے نبٹنے کی تدابیر کے بارے میں مشورہ دینا
- تہذیبی شعور کے حوالے سے تربیت، افہام و تفہیم کے فروغ اور متنوع افرادی قوت کیلئے تجربہ کار افراد کی جانب سے رہنمائی اور مدد فراہم کرنا
- کثیر بھرتیوں کی ضرورت اور بھرتی کے مصروف ترین ادوار کیلئے، ملازمتوں کے اشتہارات ڈرافٹ کرنے کیلئے، بھرتی سے پہلے امیدواروں کی سکریننگ اور اگر ضرورت ہو تو اسیسمنٹ کے دنوں کے انتظام کیلئے آپ کی جائے کار میں SRJA کے عملے کو متعین کرنا
- اوپن ڈے کے مواقع، نیٹ ورکنگ کے پروگراموں، باقاعدگی سے ریڈیو پر اشتہارات اور ہمارے ایمپلائر ایکسیلینس ایوارڈز کے ذریعے آپ کے بزنس کو فروغ دینا اور دستیاب پروگراموں اور خدمات کے بارے میں معلومات دینا
- بزنس، مینیجمنٹ یا کامرس میں متعلقہ تربیت پیش کر کے اور SRJA کا Guide to Employment کتابچہ/USB، جس میں ترغیبات، بھرتی، انسانی وسائل اور حکومتی پالیسیوں کے بارے میں معلومات اور اچھی خبریں ہوتی ہیں، فراہم کر کے چھوٹے کاروباروں کے مالکان کو وسعت پیدا کرنے کیلئے مدد دینا
- تربیتی اداروں کے ساتھ پارٹنرشپ کے ذریعے آپ کے بزنس کی ضروریات کیلئے عین درست خدمات مہیا کرنا
- دوسرے Jobactive اداروں کے ساتھ سہ ماہی میٹنگوں اور مذاکرات اور خدمات کے متفقہ انتظامات کے ذریعے کام کرتے ہوئے آجروں کی ضروریات بہترین طور پر پوری کرنا۔ مثال کے طور پر ایک مرکزی رابطہ فراہم کرنا، خالی اسامیوں سے ایک دوسرے کو آگاہ کرنا، بہترین امیدوار بھیجنا، کم از کم معیار طے کرنا اور خدمات کے بارے میں تبصروں سے ایک دوسرے کو آگاہ کرنا

نیٹ ورکس

SRJA ان دوسرے اداروں کے ساتھ کام کرتی ہے جو آپ کی عملے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔

ہم:

- آجروں کو عملہ مہیاکرنے والی بڑی کمپنیوں اور پرائیویٹ ریکروٹمنٹ ایجنسیوں کا پتہ چلا کر ان کے ساتھ تعلقات استوار کرتے ہیں اور تعاون کرتے ہیں تاکہ ملازمت کیلئے تیار امیدواروں کی زیادہ بڑی تعداد کو جمع رکھیں جو آپ کے بزنس کی ضروریات پوری کرتے ہوں
- شعبے میں آجروں کے گروپوں کے ساتھ نیٹ ورک اور تعلقات بناتے ہیں اور مقامی بزنس نیٹ ورکنگ گروپوں اور مقامی چیمبرز آف کامرس کے رکن بن کر معلومات عام کرتے ہیں، مواقع کا پتہ چلاتے ہیں اور آپ کے بزنس کی ضروریات کو سمجھتے اور پورا کرتے ہیں

- آسٹریلین حکومت، سٹیٹس کی حکومتوں، لوکل کاؤنسلز، دنیائے کاروبار اور مفادات رکھنے والوں کے ساتھ تعلق کے ذریعے ترقی کے مواقع کو فروغ دیتے ہیں

ہمارا تعارف

روزگار، تربیت اور تعلیم کے شعبے میں ایک عالمی سرکردہ ادارے کی حیثیت سے Sarina Russo Group کا مشن یہ ہے کہ آپ کے بزنس کی ضروریات پوری کرنے کیلئے آجروں کی رہنمائی میں کام کی نہج اپنائی جائے۔ ہم تعلیم، تربیت، روزگار اور ملازمتوں کی پیداوار کے ذریعے متاثر کرنے، فروغ دینے اور اختیار دلانے کی مسلسل اہلیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

Sarina Russo Group میں یہ شامل ہیں:

- Sarina Russo Job Access (SRJA)، ایک ادارہ جو یہ خدمات مہیا کرتا ہے:
  - Jobactive
  - بارویسٹ لیبر سروسز (زرعی مزدوروں کی فراہمی)
  - New Enterprise Incentive Scheme (NEIS)– چھوٹے کاروباروں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی سکیم جس میں تربیت، بزنس کیلئے مشورہ اور تجربہ کار افراد کی رہنمائی شامل ہے
  - معذوروں کیلئے روزگار کی خدمات
  - ماہرین نفسیات اور مخصوص شعبوں کے ماہرین کی خدمات
- Sarina Russo Apprenticeships (SRA) سنہ 2006 سے آسٹریلین اپرنٹسز اور ان کے آجروں کو 'ہنرمند آسٹریلین افرادی قوت کی تعمیر' میں مدد دے رہی ہے
- Sarina Russo Institute شعبے کے حوالے سے تربیت، تجربہ کار افراد کی رہنمائی اور ملازمت دلانے کی خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ شعبے میں ہنرمند افراد کی ضرورت کو پورا کیا جائے
- James Cook University Brisbane – ڈپلوما، انڈرگریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ ڈگری پروگرام
- Sarina Russo Recruitment، پریمیئم ریکروٹمنٹ جو اعلی عہدوں پر بھرتی، مستقل بھرتی، عارضی بھرتی اور کانٹریکٹ پر بھرتی فراہم کرتی ہے
- Sarina Russo Job Access (برطانیہ) – اعلی نتائج کی حامل روزگار اور تربیت کی خدمات فراہم کرتی ہے

Your Service Delivery Plan
آپ کو خدمات کی فراہمی کا پلان

روزگار کے متلاشی افراد

آپ کے Jobactive پرووائیڈر ادارے کی حیثیت سے Sarina Russo Job Access (SRJA) ملازمت دلانے کے حوالے سے عملی خدمات فراہم کرے گی۔ آپ کو اپنے خاص ایمپلائمنٹ کنسلٹنٹ کی جانب سے عین آپ کیلئے موزوں مدد ملے گی اور اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ کو مزید خصوصی خدمات ملیں گی۔

جس دوران آپ کام تلاش کر رہے ہیں، **SRJA** آپ کو مندرجہ ذیل فراہم کرنے کا عہد کرتی ہے:

• ***جلد کام کا آغاز*** – سنٹرلنک سے آپ کی ریفرل کے بعد فوری رابطہ تاکہ آپ کی ہمارے ساتھ ملاقات کا انتظام کیا جائے۔ اگر مناسب ہو تو ہم اس ابتدائی رابطے کے فورا" بعد آپ کیلئے کام تلاش کرنا شروع کر دیں گے۔

• باقاعدگی سے آمنے سامنے رابطہ البتہ ہم فون، SMS، Skype اور ای میل کے ذریعے بھی رابطہ رکھتے ہیں

• ہمارے مراکز بہت نمایاں مقامات پر ہیں اور ہمارے یہاں کھلے استقبالیہ علاقے، آپ کی مدد کیلئے دستیاب گردش کرتا ہوا عملہ اور آپ کے استعمال کیلئے کمپیوٹر موجود ہیں

• ***جائزہ*** – آپ کے پہلے انٹرویو پر ہم آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے پتہ چلائیں گے کہ آپ کس حد تک کام کیلئے تیار ہیں، مہارتوں کا جائزہ (اسیسمنٹ) لیں گے اور آپ کے جاب پلان میں شامل کرنے کیلئے سرگرمیوں پر بات کریں گے۔ ہم اپنے ساتھ تمام ملاقاتوں میں آپ کی پیش رفت پر نظرثانی کرتے ہیں۔

• آپ کے *ڈیجیٹل پرسنل پروفائل* تک رسائی۔ ہم آپ کو *SRJA ڈیجیٹل آن لائن ٹولز* فراہم کر کے ملازمتوں کیلئے رابطہ کرنے، آجروں کو آگاہ کرنے، آپ کی جاب سرچ کی کوششیں رجسٹر کرنے اور کام ڈھونڈنے میں آپ کی پیش رفت دکھانے کیلئے مدد کریں گے۔

• ***مشغول کرنا اور ملازم رکھوانا*** – آپ کی انفرادی ضروریات پر منحصر، ہم ایسی سرگرمیوں کا انتظام کریں گے جن سے آپ کو جلد از جلد روزگار حاصل کرنے میں مدد ملے مثلا":

- جاب سرچ اور انٹرویو کی تیاری، جس میں 1 دن کی جاب سرچ ورکشاپس بھی شامل ہیں
- SRJA کے *سیلف ہیلپ سنٹرز* تک رسائی جن میں مفت Wi-Fi انٹرنیٹ، تربیتی مواقع، گروپ کی صورت میں سرگرمیوں، نگرانی کے تحت جاب سرچ سرگرمیوں اور روزگار کے دستیاب مواقع کا پتہ چلانے کیلئے جاب بورڈز تک رسائی جیسی خدمات موجود ہیں
- کام سے ملتی جلتی سرگرمیاں، Work for the Dole (بیروزگاری کا وظیفہ پانے کیلئے کام)، ورکشاپس، کوچنگ، جائے کار پر توقعات کے حوالے سے تربیت اور مقامی روزگار کی ضروریات پوری کرنے کیلئے خصوصی تربیت اور ملازمت کے دستیاب مواقع کو میچ کرنا
- ٹیم کی صورت میں کام کی نہج کے ذریعے آپ کو روزگار حاصل کرنے میں مدد دینا جس میں آپ کا ایمپلائمنٹ کنسلٹنٹ، SRJA کی *ایمپلائر سروسز ٹیم*، کمیونٹی تنظیمیں اور مخصوص شعبوں کے ماہرین صحت شامل ہو سکتے ہیں
- اگر مناسب ہو تو SRJA کے *9 O'Clock Club* میں شرکت جو دو ہفتوں کیلئے صبح 9 بجے سے اضافی جاب سرچ فراہم کرتا ہے
- SRJA کے مراکز میں موجود ماہرین نفسیات اور مخصوص شعبوں کے ماہرین صحت کی جانب سے خصوصی مدد

- ہم ایک آمنے سامنے میٹنگ رکھ کر آپ کے سالانہ سرگرمی کے تقاضے کے بارے میں آپ کے ساتھ بات کریں گے جیسے Work for the Dole (بیروزگاری کا وظیفہ پانے کیلئے کام)۔ SRJA کے Work for the Dole مینیجرز آپ کی مہارتیں بڑھانے کیلئے متعلقہ اور کام سے ملتی جلتی سرگرمیاں تلاش کرتے ہیں

ملازمت ملنے کے بعد مدد – جب آپ ملازمت شروع کر چکے ہوں، اور آپ کی اور آپ کے آجر کی ضروریات کے لحاظ سے، SRJA 26 ہفتوں تک مدد فراہم کرے گی جس میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- ملازمت ملنے کے بعد ذاتی لحاظ سے مدد کا پلان، جو آپ کے ساتھ مل کر تشکیل دیا جاتا ہے جس میں باقاعدگی سے رابطے کا انتظام، اور حسب ضرورت، دیگر اضافی تربیت یا مدد شامل ہے
    - آپ کے *ڈیجیٹل پروفائل* میں ایک *In-Job Pack* شامل کیا جا سکتا ہے جس میں کام تک سفر کا پلان، کام کے آغاز کی چیک لسٹ اور آپ کے آجر اور SRJAکنسلٹنٹ کی رابطے کی تفصیلات ہوتی ہیں
    - SRJA کے *Post Placement Collaborate* (*ملازمت ملنے کے بعد تعاون*) ویب سائیٹ تک رسائی جس میں آپ کی ملازمت برقرار رکھنے کیلئے تجاویز اور دوسرے لوگوں کے ساتھ ان کے تجربات کے بارے میں بات کرنے کیلئے فورم جیسے ٹولز شامل ہیں
- اگر مسائل پیش آئیں تو امدادی تدابیر کرنا جیسے مخصوص شعبوں کے ماہرین صحت کی امدادی خدمات تک رسائی، عملی مسائل مثلا" کام تک سفر کے سلسلے میں مدد اور مہارتوں کیلئے تربیت فراہم کرنا
- آپ کی سہولت کیلئے، اگر ضرورت ہو تو، ہمارے مراکز دفتری اوقات کے بعد کھل سکتے ہیں تاکہ آپ کیلئے ہماری خدمات استعمال کرنا ممکن ہو

اضافی خصوصی خدمات، جہاں ضرورت ہو، مثلا":

- کم وقت میں بھرپور جاب سرچ سرگرمیوں تک رسائی، آجروں کے ساتھ انٹرویو پینلز، مہارتوں کی ٹیسٹنگ،با سند تربیت اور SRJA کا 3 دن کا ورک ریڈی نیس پروگرام
- آپ کا ایمپلائمنٹ کنسلٹنٹ مخصوص شعبوں کے ماہرین صحت نیز سپیشلسٹ یا سماجی مدد کی تنظیموں کے ساتھ کام کر سکتا ہے تاکہ ضرورت ہونے پر مزید جائزہ اور مدد فراہم کی جائے
- اگر SRJA کے ساتھ 12 مہینوں کے بعد آپ کو پائیدار ملازمت حاصل نہ ہو تو ہم آپ کی ملاقاتیں اور سرگرمیاں بڑھا دیں گے اور ہو سکتا ہے کہ تازہ نقطۂ نظر کی خاطر ہم آپ کا ایمپلائمنٹ کنسلٹنٹ بدل دیں
- اگر آپ ایبوریجنل یا Torres Strait Islander ہیں تو SRJA کے سپیشلسٹ یونٹ، تجربے کی روشنی میں رہنمائی دینے والے افراد اور پارٹنرز Aboriginal and Torres Strait Islander Peoples کے سماجی گروہوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے، آجروں کا تہذیبی شعور بڑھائیں گے اور آپ کو ملازمت شروع کرنے سے پہلے اور بعد میں مناسب مدد فراہم کریں گے
- اگر ضرورت ہو تو ہم کئی زبانیں بولنے والے عملے یا ترجمانوں تک رسائی مہیا کریں گے، آسٹریلیا میں جائے کار کے حوالے سے توقعات کے ضمن میں مدد دیں گے، بیرون ملک سے حاصل شدہ مہارتیں تسلیم کروانے میں مدد دیں گے، آسٹریلیا میں کام کے تجربے کی تفصیل تیار کریں گے اور اس کے علاوہ دوسری زبانوں میں اپنے پروگرام مہیا کریں گے اور اپنے ویب سائیٹ پر ترجمہ شدہ مواد فراہم کریں گے
- ایسے معاملات میں آپ کی مدد کرنا جو آپ کے ملازمت حاصل کرنے یا برقرار رکھنے میں رکاوٹ کا باعث ہوں جیسے غیر مستقل رہائش، کام کا محدود تجربہ، ٹرانسپورٹ، بچوں کی دیکھ بھال کا بندوبست یا صحت سے متعلق معاملات

نیٹ ورکس

SRJA ایسے اداروں کے ساتھ کام کرتی ہے جو آجر کو درپیش عملے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے آپ کو تیار کرنے اور آپ کی مدد کرنے کیلئے مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم:

• آجروں، تربیت فراہم کرنے والوں، امدادی گروپوں، معذوروں کیلئے خدمات، علاج معالجے کے اداروں، سپیشلسٹ سروسز اور نوجوانوں کیلئے خدمات، رہائش فراہم کرنے والی تنظیموں اور دوسرے پرگراموں کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنےکیلئے *پارٹنرشپ پلانز* تشکیل دیتے ہیں تاکہ آپ کی مخصوص ضروریات کیلئے مدد کی جائے

• آجروں کو عملہ مہیا کرنے والی بڑی کمپنیوں اور پرائیویٹ ریکروٹمنٹ ایجنسیوں کا پتہ چلا کر تعلقات بناتے ہیں اور ان کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تاکہ خالی اسامیوں تک زیادہ رسائی حاصل ہو

•سماجی تنظیموں، صحت کی خدمات مہیا کرنے والوں، پیشہ ورانہ تربیت و روزگار کے مراکز (Vocational, Training & Employment Centres, VTECs) ، آسٹریلین اپرنٹس شپ سپّورٹ نیٹ ورک پرووائیڈرز، Work for the Dole کے منتظمین اور رجسٹرڈ ٹریننگ آرگنائزیشنز کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ آپ کو مدد اور روزگار تک زیادہ سے زیادہ رسائی دلائیں

ہمارا تعارف

روزگار، تربیت اور تعلیم کے شعبے میں ایک عالمی سرکردہ ادارے کی حیثیت سے Sarina Russo Group کا مشن یہ ہے کہ آپ کو وہ توانائی، جذبہ اور خود اعتمادی دلائے جس سے آپ مطلوبہ ملازمت حاصل کر سکیں، برقرار رکھ سکیں اور اس میں ترقی کر سکیں۔ ہم تعلیم، تربیت، روزگار اور ملازمتوں کی پیداوار کے ذریعے متاثر کرنے، فروغ دینے اور اختیار دلانے کی مسلسل اہلیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

Sarina Russo Group میں یہ شامل ہیں:

- ***(SRJA) Sarina Russo Job Access*** ، ایک ادارہ جو یہ خدمات مہیا کرتا ہے:
  - Jobactive
  - هارویسٹ لیبر سروسز (زرعی مزدوروں کی فراہمی)
  - (NEIS) New Enterprise Incentive Scheme– چھوٹے کاروباروں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی سکیم جس میں تربیت، بزنس کیلئے مشورہ اور تجربہ کار افراد کی رہنمائی بھی شامل ہے
  - معذوروں کیلئے روزگار کی خدمات
  - ماہرین نفسیات اور مخصوص شعبوں کے ماہرین کی خدمات
- ***(SRA) Sarina Russo Apprenticeships*** سنہ 2006 سے آسٹریلین اپرنٹسز اور ان کے آجروں کو 'ہنرمند آسٹریلین افرادی قوت کی تعمیر' میں مدد دے رہی ہے
- ***Sarina Russo Institute*** شعبے کے حوالے سے تربیت، تجربہ کار افراد کی رہنمائی اور ملازمت دلانے کی خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ شعبے میں ہنرمند افراد کی ضرورت کو پورا کیا جائے
- ***James Cook University Brisbane*** – ڈپلوما، انڈرگریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ ڈگری پروگرام
- ***Sarina Russo Recruitment***، پریمیئم ریکروٹمنٹ جو اعلی عہدوں پر بھرتی، مستقل بھرتی، عارضی بھرتی اور کانٹریکٹ پر بھرتی فراہم کرتی ہے
- ***Sarina Russo Job Access (برطانیہ)*** – اعلی نتائج کی حامل روزگار اور تربیت کی خدمات فراہم کرتی ہے